ورک پلیس جسٹس ویزا کیا ہے؟

ورک پلیس جسٹس ویزا سے مراد ایک عارضی ویزا ہے جو کچھ عارضی ویزوں پر یہاں موجود لوگوں یا حال ہی میں عارضی ویزا پانے والوں کے لیے اس صورت میں آسٹریلیا میں ٹھہرنا ممکن بناتے ہیں کہ انہیں کام پر استحصال کا نشانہ بنایا گیا ہو۔

ورک پلیس جسٹس ویزا ملنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے پاس کام کی اجازت کے ساتھ عارضی ویزا ہو یا پہلے رہ چکا ہو۔

ورک پلیس جسٹس ویزا کی درخواست دینے کے لیے آپ کو فیس نہیں دینی پڑے گی۔

ورک پلیس جسٹس ویزا کا اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ:

- آپ آسٹریلیا میں ہوں اور آپ کے پاس:
  - یا تو کام کی اجازت کے ساتھ عارضی ویزا ہو (بریجنگ ویزا، کریمنل جسٹس ویزا یا انفورسمنٹ ویزا کے علاوہ کوئی عارضی ویزا) جس کی مدت 28 دنوں میں یا اس سے پہلے ختم ہونے والی ہو **یا**
  - کام کی اجازت کے ساتھ عارضی ویزا (بریجنگ ویزا، کریمنل جسٹس ویزا یا انفورسمنٹ ویزا کے علاوہ کوئی عارضی ویزا) رہ چکا ہو جس کی مدّت ختم ہوئے زیادہ سے زیادہ 28 دن گزرے ہوں۔
- آپ اپنے کام پر استحصال کے معاملے کی تصدیق کسی ایکریڈیٹڈ سرٹیفائنگ آرگنائزیشن (ان اداروں کی فہرست نیچے دیکھیں) سے کروائیں۔
- آپ کے پاس ہیلتھ انشورنس ہو اور آسٹریلیا میں اپنے قیام کے اخراجات کے لیے کافی پیسے ہوں۔
- آپ ایک عارضی عرصہ آسٹریلیا میں رہنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔
- آپ صحت اور کردار کے بعض تقاضے پورے کرتے ہوں۔

ہو سکتا ہے آپ اہل نہ ہوں اگر آپ:

- اگر آپ کو پہلے کسی ویزے پر انکار ہو چکا ہو یا آپ کا ویزا کینسل (منسوخ) کیا جا چکا ہو تو ممکن ہے آپ ورک پلیس جسٹس ویزا کے لیے اہل نہ ہوں۔
- اس صورت میں آپ ورک پلیس جسٹس ویزا کے لیے اہل نہیں ہوں گے کہ آپ کے پاس 28 دن سے زیادہ مدت میں کام کی اجازت کے ساتھ عارضی ویزا نہ رہا ہو اور آپ ابھی بریجنگ ویزا، کریمنل جسٹس ویزا یا انفورسمنٹ ویزا پر ہوں یا یہاں غیر قانونی طور پر مقیم ہوں۔

کام پر آپ کے استحصال کا معاملہ ایسا ہو سکتا ہے کہ:

آپ پر ملازمت کے لیے پیسے دینے کے لیے دباؤ ڈالا گیا تھا



آپ کو مناسب معاوضہ نہ ملا ہو (یا معاوضہ ملا ہی نہ ہو)

آپ کو جنسی طور پر ستایا گیا تھا (سیکسوئل ہراسمنٹ)

آپ غیر محفوظ حالات میں کام کر رہے تھے

آپ کو غیر منصفانہ طور پر ملازمت سے نکالا گیا تھا

آپ کے باس نے آپ کا ویزا کینسل کرنے کی دھمکی دی تھی

آپ کو ABN لینے پر مجبور کیا گیا تھا جبکہ آپ کو ایمپلائی (ملازم) ہونا چاہیے تھا

میں **ورک پلیس جسٹس ویزا** کی درخواست دینا چاہتا/چاہتی ہوں، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

میں ورک پلیس جسٹس ویزا کی درخواست دینا چاہتا/چاہتی ہوں، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

یہ اہم ہے کہ آپ ورک پلیس جسٹس ویزا کی درخواست دینے سے پہلے امیگریشن کے قانون اور روزگار کے قانون کے حوالے سے مشورہ حاصل کریں۔

1

آپ کو امیگریشن کے قانون کے حوالے سے مشورہ لینا چاہیے۔
اس کے لیے آپ کسی کمیونٹی لیگل سنٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں جو امیگریشن کے قانون میں خصوصی مہارت رکھتا ہو، یا کسی یونین سے رابطہ کریں (اور یونین سے ان کی امیگریشن لاء سروس کی ریفرل مانگیں) یا کسی پرائیویٹ مائیگریشن ایجنٹ یا وکیل سے رابطہ کریں۔

2

اگر وہ تصدیق کریں کہ آپ ورک پلیس جسٹس ویزا کے لیے اہل ہو سکتے ہیں تو آپ کو کسی ایسی آرگنائزیشن (ادارے) سے رابطہ کرنا چاہیے جو آپ کو روزگار کے قانون کے حوالے سے مشورہ دے سکتی ہو اور آپ کے کام پر استحصال کے معاملے کی تصدیق کر سکتی ہو۔

مندرجہ ذیل رگنائزیشنز آپ کے کام پر استحصال کے معاملے کی تصدیق کر سکتی ہیں:

- Fair Work Ombudsman
- Australian Rail, Tram and Bus Industry Union
- Australian Workers' Union
- Australasian Meat Industry Employees' Union
- Electrical Trades Union of Australia
- Human Rights Law Centre
- Migrant Workers Centre
- Redfern Legal Centre
- SA Unions
- Shop, Distributive and Allied Employees' Association
- Unions Tasmania
- The Association of Professional Engineers, Scientists and Managers
- UnionsACT
- Transport Workers' Union of Australia
- Unions NSW
- UnionsWA
- United Workers Union
- WEstjustice

3

جب آپ کو سرٹیفکیٹ مل جائے تو آپ کو اپنی درخواست میں مدد کے لیے کسی مائیگریشن ایجنٹ یا وکیل سے رابطہ کرنا چاہیے۔
سے بھی ورک پلیس جسٹس ویزا کی درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو "ورک پلیس جسٹس پائلٹ" کے تحت ImmiAccount آپ اپنے سب کلاس 408 ویزا کی درخواست دینی ہو گی اور اپنی درخواست کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات فراہم کرنے ہوں گے:

- آپ کے کام پر استحصال کے معاملے کا سرٹیفکیٹ (ان آرگنائزیشنز کی فہرست اوپر دیکھیں جو آپ کے کام پر استحصال کے معاملے کی تصدیق کر سکتی ہیں)
- یہ ثبوت کہ آپ کے پاس آسٹریلیا میں قیام میں اپنے اخراجات کے لیے کافی پیسے ہں
- یہ ثبوت کہ آپ کے پاس مناسب ہیلتھ انشورنس ہے

MIGRANT WORKERS CENTRE

مائیگرینٹ ورکرز سنٹر ایک چھوٹی سی کمیونٹی لیگل سروس ہے جو **وکٹوریہ میں** رہنے یا کام کرنے والے تارکین وطن کو روزگار کے قانون کے سلسلے میں مدد دیتا ہے۔

ہم ورک پلیس جسٹس ویزا کی درخواست کی حمایت کے لیے سرٹیفکیٹ جاری کر سکتے ہیں۔ تاہم ہم عام طور پر صرف اپنی سروس کے کلائنٹس کو سرٹیفکیٹ دیتے ہیں جن کے کام پر استحصال کے معاملے میں ہم ان کی نمائندگی کر رہے ہوں۔

ورک پلیس جسٹس ویزا کے بارے میں مزید جانیں

migrantworkers.org.au

کیا کام پر آپ کا استحصال ہوا ہے؟

ممکن ہے آپ قانونی کارروائی کے لیے آسٹریلیا میں رک سکتے ہیں۔

ورک پلیس جسٹس ویزا کے متعلق پوچھیں

اُردُو

Urdu

MIGRANT WORKERS CENTRE